© rasailojaraid.com

حافظ محمد ابراہیم فانی

فقر کی اقلیم کا وہ شاہ ذی شان اٹھ گیا

(بیاد فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب قدس سرہ)

بزم ہستی سے فقیہ عصر و دوران اٹھ گیا
مفتئ خیرالمدارس اُف زِ ملتان اٹھ گیا

محفل زہد و بتتل آہ سونی ہوگئی
فقر کی اقلیم کا وہ شاہِ ذی شان اٹھ گیا

شیخ تفسیر وحدیث و ماہرِ جملہ فنون
وہ فقیہ النفس اللہ گل بداماں اٹھ گیا

عابدِ شب زندہ دار و مرد میدان علوم
بہر باطل سیف قاطع تیغ برّاں اٹھ گیا

کاشف فقہ و تکلم واقفِ اسرار دیں
عارفِ رمزِ تصوف جانِ جاناں اٹھ گیا

جاں نثار مصطفیٰ وعاشق زار رسولؐ
سید کون ومکاں کا اک ثنا خواں اٹھ گیا

جن کے تقویٰ پر ہے شاید گردش لیل ونہار
وہ امیرالاتقیاء از بزمِ امکاں اٹھ گیا

پیکر حلم و شرافت عکسِ اسلافِ کرام
افتخارِ ملک وملت فخرایماں اٹھ گیا

بحرِ زخار کرم تھے حق پرستوں کے امام
حق ادا تھے حق نما تھے شمعِ عرفاں اٹھ گیا

ملجا وَ ماوائے اہل ذوق واہل جذب وشوق
وائے حسرت وہ امیرِ بے نواباں اٹھ گیا

طرۂ دستار عظمت مفتئ عبدالستار
ترجمانِ دیوبند وفقہ نعماں اٹھ گیا

جن کے دم سے آہ فانی میکدے کی دھوم تھی
ساقئ مہوش وہ پیرِ میکساران اٹھ گیا

© rasailojaraid.com